CAREdesign
NEW YORK

Corporate Office:
8 Southwoods Blvd, Suite 110
Albany, NY 12211
(518) 235-1888
www.caredesignny.org

# فرد پر مرتکز منصوبہ بندی کا نوٹس

Care Design NY ایسی خدمات فراہم کرنے کا پابند عہد ہے جو فرد پر مرتکز ہوں، مطلب یہ کہ منصوبہ بندی کے عمل میں آپ سب سے اہم شخص ہیں۔ آپ کی خواہشات اور ضروریات آپ کو فراہم کردہ خدمات میں مرکزی حیثیت رکھتی ہیں۔ یہ اطلاع آپ کو ان ضوابط کا ایک خلاصہ فراہم کرنے کے لیے ہے جن کو OPWDD نے حتمی شکل دی ہے اور 1 نومبر 2015 سے مؤثر ہیں۔ یہ ضوابط فرد پر مرتکز منصوبہ بندی کے عمل میں شرکت کرنے کے آپ کے حق کو بتاتے اور ان کا خاکہ بیان کرتے ہیں۔ یہ ضوابط آپ کے ISP یا لائف پلان میں متفقہ آپ کی خدمات کو کسی بھی طرح سے تبدیل نہیں کرتے ہیں الّا یہ کہ آپ ایسا کرنے کی خواہش ظاہر کریں۔

فرد پر مرتکز منصوبہ بندی کا عمل وہ عمل ہے جس میں، زیادہ سے زیادہ ممکنہ حد تک، کوئی فرد اپنی خدمات کی منصوبہ بندی کی ہدایت دیتا یا دیتی ہے اور وہ جو خدمات اور تعاون موصول کرتا یا کرتی ہے اس کے بارے میں باخبر انتخابات کرتا یا کرتی ہے۔ منصوبہ بندی کا عمل کسی فرد کو ایسے انداز میں خدمات اور تعاون کی حوالگی کی رہنمائی کرتا ہے جس کا ماحصل یا نتیجہ کسی فرد کی زندگی کے ان شعبوں میں برآمد ہوتا ہے جو اس کے لیے سب سے اہم ہوتے ہیں (جیسے، صحت، تعلقات، کام، اور گھر)۔

تعاون موصول کرنے والے افراد تعاون کا اپنا حلقہ منتخب کرتے ہیں۔ تعاون کا یہ حلقہ ان لوگوں کا گروپ ہوتا ہے جن پر وہ فیصلہ سازی کے عمل میں اپنی اعانت کے لیے اپنی زندگیوں میں اعتماد کرتے ہیں۔ فرد پر مرتکز منصوبہ بندی کے عمل کا تقاضا ہے کہ:

- خدمات اس شخص کی ضروریات، دلچسپیوں اور خوبیوں پر مبنی ہوں۔
- خدمات اس فرد کو با اختیار بنانے اور صلاحیتوں کو مستحکم کرنے کے لیے بنائی گئی ہوں۔
- وہ شخص ان خدمات اور تعاون سے مطمئن ہو۔
- فرد پر مرتکز منصوبہ بندی کا عمل فرد اور خدمت فراہم کنندگان کے بیچ باہمی شراکت ہو۔

فرد پر مرتکز منصوبہ بندی کا عمل فرد پر مرتکز خدمت کا منصوبہ (ISP یا لائف پلان) فروغ دینے کے لیے عمل میں لایا جاتا ہے۔ وہ فرد باخبر انتخابات کرتے ہوئے عمل کی ہدایت دیتا ہے، اور میٹنگ کا شیڈول طے کرنے میں شامل ہوتا ہے۔ اس عمل میں ثقافتی تشویشات کو زیر غور لایا جاتا ہے تاکہ یہ زیر خدمت شخص اور اس فرد کے منتخب کردہ تمام فریقوں کو سمجھ میں آنے والا ہو۔ منصوبہ بندی کی میٹنگ کا شیڈول تعاون یافتہ فرد کے میل جول سے ایسے وقت اور مقام پر طے کیا جائے گا جو اس فرد کے لیے سہولت بخش ہو۔ اپ ڈیٹس کے بارے میں واضح طور پر مواصلت کی جاتی ہے اور اس عمل میں اختلافات کو حل کرنے کے لیے حکمت عملیاں موجود ہیں۔

لائف پلان میں اس شخص کے اہداف، خوبیاں اور معالجاتی ضروریات شامل ہیں۔ اس میں وہ تمام خدمات بھی شامل ہوں گی جو فراہم کی جاتی ہیں، بشمول از خود ہدایت کردہ کوئی خدمات، منتخب کردہ فراہم کنندگان، اور اس امر کا ثبوت کہ اس شخص کی رہائش (اگر قابل اطلاق ہو تو)، ان کی پسند کی ہے۔ خطرے کے کوئی عوامل اور خطرات کو کم کرنے کی حکمت عملیاں شامل ہوں گی۔ منصوبے کی مانیٹرنگ کیئر مینیجر یا فرد کے ذریعے جاری رہیں گی۔



**Service Regions:** Long Island • Queens • Staten Island • Brooklyn • Manhattan • Bronx • Lower Hudson Valley
Upper Hudson Valley • Capital District • North Country

CAREdesign
NEW YORK

Corporate Office:
8 Southwoods Blvd, Suite 110
Albany, NY 12211
(518) 235-1888
www.caredesignny.org

منصوبے کو لازمی طور پر حتمی شکل دی جائے اور اس فرد کی تحریری باخبر منظوری سے اس پر اتفاق کیا جائے اور فرد پر مرتکز خدمت کے منصوبے کے نفاذ کے لیے ذمہ دار فراہم کنندہ(کنندگان) کے ذریعے اس پر دستخط کیا جائے۔ دوبارہ تشخیص کے ذریعے جائزے کی اجازت ملنے پر، اگر صلاحیتیں یا ترجیحات میں تبدیلی ہوجائے، یا اگر اس شخص کے ذریعے یا اس شخص کے منتخب کردہ فریقوں کے ذریعے درخواست کی جائے تو کم از کم نیم سالانہ بنیاد پر منصوبے کا جائزہ لیا جائے گا۔

جب اس شخص کی ضروریات اس کے حق میں ترامیم کی طالب ہوں تو، ایک مخصوص تشخیص اور ضرورت کا جواز اس میں شامل کیا جائے گا۔ رازداری، اس کی یومیہ سرگرمیوں اور شیڈولز کو کنٹرول کرنے کی آزادی، عمومی جگہوں تک پوری اور لا محدود رسائی اور اس فرد کے شیڈول کے لحاظ سے اس کی پسند کے ملاقاتیوں کو آنے دینے یا ان کے ساتھ مشغول ہونے کی اہلیت اس میں شامل ہے۔ اس شخص کو کبھی بھی غذا تک رسائی حاصل کرنے پر قادر ہونا چاہیے۔

رہائش گاہ میں رہنے پر، اس شخص کی رہائش لازماً قانونی طور پر قابل نفاذ معاہدہ فراہم کرے جو بے دخلی سے ویسے ہی تحفظات کو یقینی بنائے جو مکان مالک/کرایہ دار سے متعلق قانون نے فراہم کیے ہیں۔ یہ تحفظ لیز، رہائش کے معاہدے، یا کچھ دیگر شکل کے تحریری معاہدے کے ذریعے فراہم کیا جائے۔ یہ معاہدہ بے دخلی کی کارروائی اور اپیلوں کے لیے فراہم کیا جائے۔ رہائش گاہ لازماً بند ہونے کے قابل داخلہ دروازوں کے ذریعے رہائش اور خوابگاہ میں رازداری کی سہولت مہیا کرے نیز صرف مناسب فریقوں کے پاس کنجیاں ہوں اور انہیں حسب ضرورت رسائی حاصل ہو۔ اگر دوسروں کے ساتھ رہائش شیئر کر رہے ہوں تو، اس شخص کو روم میٹ کا اختیار لازماً ہو۔ اس شخص کو لیز یا دیگر معاہدوں کے پیرامیٹرز میں رہتے ہوئے اپنی خوابگاہ یا رہائش کو آراستہ کرنے اور سجانے کی آزادی حاصل ہونا ضروری ہے۔

ضوابط بتاتے ہیں کہ مخصوص حقوق میں ترمیم کیے جانے کے وقت کیا چیز ضبط تحریر ہونا ضروری ہے جیسے مخصوص اور انفرادی نوعیت کی ضرورت اور ترمیم کی خفتہ وجہ، اس ضرورت کو پورا کرنے کا کم دخل انداز طریقہ جس کی کوشش کی گئی تھی اور جو کارگر نہیں ہوا، اور فیصلہ سازی میں اعانت کرنے کے لیے اس فرد کی اور/یا اس فرد کے منتخب کردہ فریق کی باخبر منظوری، سوائے اس حد کے کہ فیصلہ سازی کا اختیار دوسری چیزوں کے ساتھ ہی، ریاستی قانون کے ذریعے دوسروں کو عطا کر دیا گیا ہو۔

جب حقوق میں ترامیم سے دیگر ایسا فرد متاثر ہوتا ہو جو اس سیٹنگ میں خدمات موصول کر رہا ہو تو، ضوابط بتاتے ہیں کہ کیئر مینیجر پر اس اثر کو ضبط تحریر کرنا لازم ہے جو حقوق میں ترمیم سے اس پر پڑا ہے؛ اس فرد پر پڑنے والے اثر کو کم کرنے کے لیے کی گئی کوششیں؛ فیصلہ سازی میں اعانت کرنے کے لیے اس فرد کی اور/یا اس فرد کے منتخب کردہ فریق کی باخبر منظوری، سوائے اس حد کے کہ ریاستی قانون کے ذریعے دوسروں کو عطا کردہ فیصلہ سازی کا اختیار انفرادی نوعیت کے خدمت کے منصوبے یا لائف پلان میں شامل ہو۔

حتمی ضوابط فرد پر مرتکز منصوبہ بندی کے عمل اور فرد پر مرتکز منصوبہ کے حوالے سے فرد کے حق کی اور NYCRR 14 سیکشن 633.12 میں درج OPWDD کے ضوابط کے بموجب خدمت پر اعتراض کرنے کے حق کی اطلاع کے مدنظر تقاضوں کو شناخت کرتے ہیں۔ اطلاع لازمی طور پر اس فرد کو اور شخص کو فراہم کی جائے جس کو ریاستی قانون کے ذریعے فیصلہ سازی کا اختیار دیا گیا ہے، اگر کوئی ہو۔

ہمیشہ کی طرح، آپ کا کیئر مینیجر آپ کو درپیش ہو سکنے والے کسی سوال کا جواب دینے کے لیے دستیاب ہے۔ آپ ماخذ دستاویز کا ضابطہ NYCRR 14 پارٹ 636 اور NYCRR 14 پارٹس 671 ,635 ,633 اور 686 کے حتمی ضوابط میں ترامیم کا جائزہ بھی لے سکتے ہیں جو 11/1/2015 سے مؤثر ہیں۔

**Corporate Office:**
8 Southwoods Blvd, Suite 110
Albany, NY 12211
(518) 235-1888
www.caredesignny.org

اپنی خدمت کرنے کا موقع دینے کے لیے شکریہ۔



**Service Regions:** Long Island • Queens • Staten Island • Brooklyn • Manhattan • Bronx • Lower Hudson Valley
Upper Hudson Valley • Capital District • North Country